## سوال

(177) میں نے حج مفرد کا احرام باندھا تھا اور میرا گروپ مدینہ منورہ...

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں ایک گروپ کے ساتھ حج کےلئے آیا ہوں ،میں نے حج مفرد کا احرام باندھا تھا اوراب میرا گروپ مدینہ منورہ جانا چاہتا ہے توکیامجھے یہ اجازت ہے کہ گروپ کے ساتھ مدینہ منورہ چلاجاوں اورچند دنوں کے بعد عمرہ ادا کرنے کےلئے مکہ مکرمہ واپس لوٹ آوں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب کوئی شخص ایک جماعت کے ساتھ مل کرحج کرے اوراس نے حج مفرد کا احرام باندھ رکھا ہواورپھر وہ ان کے ساتھ زیارت کےلئے سفر کرنا چاہئے کہ اپنے احرام کو عمرہ کےلئے کردے ،طواف کرے ،سعی کرے ،بالوں کومنڈوائے اورحلال ہوجائے اورپھر جب وقت آئے توحج کےلئے احرام باندھے ،اس طرح اس کاحج تمتع ہوجائے گااوراسے حج تمتع کی ہدی دینا ہوگی جیساکہ نبی کریم ﷺ نے ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حکم دیا تھا ،جن کے پاس ہدی نہیں تھی ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**مقالات وفتاویٰ**

# ص297

**محدث فتویٰ**